موضوعاتی سطر: NYCHA کی جانب سے اہم پیغامات حاصل کرنے کے لیے یقینی بنائیں کہ آپ کے رابطے کی معلومات تازہ ترین ہیں!

محترم رہائشی حضرات،

COVID-19 کی ہنگامی صورتحال ہمیں بروقت، درست مواصلت کی اہمیت کی یاد دہانی کرواتی ہے۔ آپ کو اہم انتباہات اور پیغامات کی ترسیل کے لیے، NYCHA ایک نیا کثیر اطلاعاتی نظام استعمال کر رہا ہے جو Everbridge کہلاتا ہے۔ یہ اطلاعات متنی پیغامات، فون کال، یا ای میل کے ذریعے آپ کے گھرانے کے سربراہ کو بھیجی جا سکتی ہیں۔ پیغامات کی ترسیل انگریزی، سادہ چینی، روسی، یا ہسپانوی میں کی جائیں گی – جس کا انحصار آپ کی سالانہ تصدیقی تجدید میں نوٹ کردہ زبان کی ترجیح پر ہو گا۔

براہ کرم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کچھ وقت نکالیں کہ ہمارے پاس آپ کے گھرانے کے سربراہ کی تازہ ترین رابطے کی معلومات موجود ہیں۔ آپ NYCHA کے سیلف سروس پورٹل کے "My Profile(میری پروفائل)" کے سیکشن (https://selfserve.nycha.info/) یا MyNYCHA ایپ کی "Preferences(ترجیحاتی)" اسکرین پر جا کر ایسا کر سکتے ہیں۔ آپ نمائندے سے اپنی معلومات کی تصدیق کرنے کے لیے صارف رابطہ مرکز (CCC) کو 718-707-7771 پر کال بھی کر سکتے ہیں۔

اگر یہ آپ کے اسمارٹ فون یا ٹیبلٹ پر پہلے سے موجود نہیں ہے، تو MyNYCHA ایپ کو Apple Store یا Google Play سے ڈاؤن لوڈ کریں – یہ مفت ہے اور آپ کو کام کے آرڈرز، آن لائن کرایہ ادائیگی، اور مزید کاموں کے قابل بناتی ہے۔

Everbridge کا متنی پیغام 89361 کی جانب سے آتا ہوا نظر آئے گا۔ براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ آپ کے کیرئیر کی جانب سے متنی پیغام رسانی کے معیاری چارجز لاگو ہو سکتے ہیں، جس کا انحصار آپ کے فون پلان پر ہو گا۔ اگر آپ ان متنی پیغامات کے اختیار کو حاصل کرنا نہیں چاہتے، تو آپ مندرجہ ذیل تین طریقوں میں سے کسی کے ذریعے بھی ایسا کر سکتے ہیں:

- MyNYCHA ایپ کی "My Preferences(میری ترجیحات)" کی اسکرین پر جائیں اور "Enable Text Notifications(متنی اطلاعات کو فعال کریں)" کو غیر منتخب کریں؛
- سیلف سروس پورٹل میں(https://selfserve.nycha.info/)، "My Profile(میری پروفائل)" پر جائیں اور "Opted for Text Alerts(متنی انتباہات کا انتخاب کیا گیا)" کو ان چیک کریں؛
- یا CCC نمائندے کو718-707-7771 پر اطلاع دیں۔

آپ کسی بھی وقت متنی پیغام پر "STOP" کا جواب بھی دے سکتے ہیں۔ ان متنی پیغامات کی وصولی کو دوبارہ شروع کرنے کے لیے، "RESUME" لکھ کر بھیجیں۔

Everbridge ای میلز نیویارک شہری ہاؤسنگ اتھارٹی (noreply@everbridge.net ای میل کی جانب سے) آتی ہوئی نظر آئیں گی۔ ان اہم ای میلز کی وصولی کو یقینی بنانے کے لیے اس ای میل ایڈریس کو اپنے رابطوں میں شامل کریں۔

Everbridge فون کالز مندرجہ ذیل نمبروں سے آئیں گی، جن کا انحصار آپ کی زبان کی ترجیح پر ہو گا۔ متعلقہ فون نمبر کو اپنے رابطوں میں شامل کریں تاکہ آپ کو معلوم ہو کہ کون کال کر رہا ہے۔ آپ اپنے سب سے حالیہ پیغامات کو سننے کے لیے کسی بھی وقت ان نمبروں پر دوبارہ کال کر سکتے ہیں۔

- انگریزی: 718-865-3518
- چینی: 718-866-3783
- روسی: 718-612-7878
- ہسپانوی: 718-612-7902

آپ کے تعاون کا شکریہ۔ ہم متعدد مواصلاتی چینلز کے ذریعے آپ کو بروقت اور اہم معلومات فراہم کرنا جاری رکھیں گے۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم CCC کو 718-707-7771 پر کال کریں۔

مخلص،

گریگ رس (Greg Russ)
سرپرست اور چیف ایگزیکٹو آفیسر

ویٹو مسٹاشیلو (Vito Mustaciuolo)
جنرل مینیجر